پریس ریلیز (Also emailed*/faxed separately)

رائے عامہ سروے

**عمومی**

# 38% پاکستانی بالغ افراد انٹرنیٹ استعمال کرنے کا دعویٰ کرتے ہیں۔

(گیلپ & گیلانی پاکستان پول)،

(اسلام آباد) ،04 مئی،2023


گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 38% پاکستانی بالغ افراد انٹرنیٹ استعمال کرنے کا دعویٰ کرتے ہیں۔

اس طرح پاکستان میں انٹرنیٹ صارفین کی تعداد تقریباً 50 ملین کے قریب ہے۔

سروے میں پاکستان بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" برائے مہربانی بتائیں کہ کیاآپ انٹرنیٹ استعمال کرتے ہیں ؟"**۔ اس سوال کے جواب میں،38% جوابدہندگان کے مطابق ''ہاں'' وہ انٹرنیٹ استعمال کرتے ہیں، جبکہ 61% کے مطابق ''نہیں'' وہ انٹرنیٹ استعمال نہیں کرتے ہیں، تاہم 1% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

یہ سروے پاکستان بھر سے شماریاتی طور پر منتخب بالغ افراد سے کیا گیا ہے۔ لہٰذا 18 سال سے کم عمر گروپ کے انٹرنیٹ صارفین کی تعداد کو شامل نہیں کیا گیا۔ اسی طرح، وہ افراد جو انٹرنیٹ کبھی کبھار استعمال کرتے ہیں ہو سکتا ہے انہوں نے بھی اس سوال کا جواب ''نہیں'' میں دیا ہو۔ دوسرے الفاظ میں، ملک بھر میں انٹرنیٹ صارفین کی کل تعداد اس سروے میں بتائی گئی تعداد سے زیادہ ہو سکتی ہے۔


**"برائے مہربانی بتائیں کہ کیاآپ انٹرنیٹ استعمال کرتے ہیں؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## عمر کے اعتبار سے نتائج:

پاکستانیوں کی سب سے زیادہ شرح جن کا کہنا تھا کہ وہ انٹرنیٹ استعمال کرتے ہیں کا تعلق 30 سال سے کم عمر افراد کے گروپ سے تھا، جن میں 41% افراد کا کہنا تھا کہ وہ انٹرنیٹ استعمال کرتے ہیں۔ عمر میں اضافے کے ساتھ انٹرنیٹ کے استعمال میں کمی نظر آئی، جیسے کہ 30 سے 50 سال کی عمر کے 39% افراد کا کہنا تھا کہ وہ انٹرنیٹ استعمال کرتے ہیں، جبکہ 50 سال سے زائد عمر کے افراد کی 24% شرح کا یہ کہنا تھا کہ وہ انٹرنیٹ استعمال کرتے ہیں۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1135 مرد و خواتین سے 14 مارچ 2023 تا 22 مارچ 2023 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, May 04th, 2023**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2023

celebrating 43 years of Gallup Pakistan (1980-2023)